# مقدس جونی پیرو

عاموس 8:4-6,9-12    مزمور 118

## مقدس متی 9:9-13

## یہ بات سُنو۔اَے تم جو مسکینوں کو پامال کرتے ہو۔عاموس 8:4

عاموسؔ نبی کے زمانے میں بھی ایسا رویہ پایا جاتا تھا۔روپے پیسے میں دولتمند ہونے کا مطلب یہ نہیں کہ انسان محبت اَور رحم سے بھی مالا مال ہو۔یہاں تک کہ وہ لوگ جو اپنے آپ کو خُدا کے حقدار سمجھتے ہیں۔وہ ہر وقت رحم سے مالا مال نہیں ہوتے۔جب خُداوند یسوؔع مسیح کو یہ پتہ چلا۔تو انہوں نے ہر کسی کو خُدا باپ کی محبت کا مزہ چکھانے کی کوشش کی۔مقدس متی نے اپنی بلاہٹ کے پہلے دِن سے ہی فوراً یہ بات سیکھ لی۔

عاموس 9:11-15　　　　مزمور 84

## مقدس متی 9:14-17

## میں اپنی امت اسرائیل کی قسمت بدل دُوں گا۔ عاموس9:14

بالآخر عاموسؔ نبی اِس تبدیلی کے آنے کی بشارت دیتا ہے۔ خُدا کی طرف سے عذاب اَور لوگوں کی تبدیلی کے بعد اُن کی دُعائیں پوری ہو جاتی ہیں۔ اِسی بات کا اِعلان انجیل کرتی ہے: فریسیوں اَور یوحنا اصطباغی کے شاگرد خُدا کی طرف سے، نجات دہندہ کی آمد کا انتظار کرتے ہوئے روزہ رکھتے تھے۔ یہاں وہ ہے جو آنے والا تھا۔ وہ آ چکا ہے اِس لئے ابھی یسوعؔ مسیح کے شاگرد روزہ نہیں رکھتے۔

اشعیا 14-10:66 مزمور 65

غلاطیوں 18-14:6 مقدس لوقا 20-17,12-1:10

## وہاں کے بیماروں کو شفا دو۔ مقدس لوقا 9:10

بالآخر خُداوند یسوعؔ مسیح اپنے شاگردوں کو اِس خدمت کے لئے بھیجتے ہیں جو سب زمانوں میں جاری رہے گی۔ وہ جو خدمت اُن کو سونپتے ہیں اُس میں بیماروں کو شفا دینے اَور کمزوروں پر توجہ دینے پر زور دیا گیا ہےَ۔ تاکہ ہر شخص میں خُدا باپ کے کام کو پورا کیا جاسکے۔ اچھی صحت سے لطف اندوز ہوتے ہوئے ہی انسان زیادہ آسانی سے بہن بھائیوں کی مدد کرسکتا ہےَ۔ شاگردوں نے جو خدمت شروع کی۔ اِس خدمت کو ہم خوشی سے جاری رکھے ہوئے ہیں۔

پرتگال کی مقدسہ الزبتھ , مقدس توما رسول کی عید

ہوشیع 2:16-18, 21-22 مزمور 144

مقدس متی 9:18-26

**اِس لئے دیکھ۔میَں اُسے فریفتہ کروں گا۔اَور بیابان میں لے جاؤں گا۔ہوشیع 2:14**

نبی اپنے لوگوں کے لئے خُدا کی محبت کے مختلف لمحات بیان کرتا ہے۔ خُدا اپنے لوگوں سے ایسے محبت کرتا ہے۔ جیسا دُولہا اپنی دُلہن سے محبت کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ جو اپنے محبوب کی جھوٹی محبت کے فریب میں آجاتی ہے۔خُدا فرماتا ہے کہ میں اُسے فریفتہ کروں گا اَور بیابان میں اُسے لے جاؤں گا۔اَور نرمی سے اُس سے بات کروں گا۔خُدا اپنے لوگوں کو اپنی قربت میں خوش کردے گا تا کہ وہ سچی محبت کو جان سکیں۔ ہم اپنے خُدا پر بھروسے سے لطف اندوز ہونے کے لئے چند لمحوں کی خاموشی اختیار کرنے کی کوشش کریں۔

## مقدس انتھوَنی زکریا

ہوشیع 13-11,7:8

مزمور 113

## مقدس متی 38-32:9

## تو گونگا بول اُٹھا۔مقدس متی 33:9

یسوع گونگے کو کیسے کہہ سکتا ہے کہ اُس سے اُس شیطان کو بھگا دو جس نے اُس کا منُہ بلکہ دل بند کر رکھا ہے۔کوئی بھی بدروح نہیں چاہتی کہ ہم آپس میں ایک دوسرے سے جڑے رہیں اِس لئے کہ یہ بالکل صورتِ حال ایسی ہےَ جہاں خُدا باپ ہم میں کام کر سکتا ہےَ۔ جب ایک بار شیطان کا پیچھا چھوڑ دیا جاتا ہے تو پھر وہ دِل پیار کر سکتا اَور پیار کرنے دیتا ہےَ۔

## مقدسہ ماریہ گوریٹؔی

ہوشیع 12,8-7,3:10 مزمور 104

## مقدس متی 7-1:10

## موقع ہے کہ تم خداوند کی تلاش کرو۔ ہوشیع 12:10

انسان ہمیشہ دوسرے انسانوں سے تسلی اَور مدد مانگتے ہیں۔ یہاں تک کہ وہ لوگ جو معبودوں کی پیروی کرتے ہیں اَور جھوٹ کی پرستش کرتے ہیں۔ وہ اُن میں سے کس کی مدد پاسکتے ہیں؟ ہوشیؔع نبی چاہتا ہے کہ اُس کی قوم وہم وگمان اَور مایوسیوں سے باہر نکل آئے۔اب موقع ہے کہ اُس کی تلاش شروع کریں۔ جو مایوس نہیں کرتا۔

ہوشیع 11:1-4,8-9

مزمور 79

## مقدس متی 10:7-15

## میں تیرے درمیان کا قدُّوس ہوں۔ہوشیع 11:9

خُدا اپنے آپ کو اپنے لوگوں کے سامنے ایک ایسے شخص کے طور پر پیش کرتا ہے۔ جو اُن کو پیار کرتا ہے اَور جس پر لوگ بھروسہ کر کے بلا خوف وخطر سونپ سکتے ہیں۔ جب خُداوند یسوعؔ مسیح کے شاگرد کسی سے ملیں گے تو اُن کا سلوک ایسا ہی ہوگا، اُن کو امن کی بات کرنی چاہیے اَور خود کو مکمل طور پر خود غرضی سے پاک رکھنا چاہیے۔

ہوشیع 10-2:14

مزمور 50

## مقدس متی 23-16:10

## پس تم سانپوں کی طرح ہوشیار رہو۔ مقدس متی 16:10

خُداوند یسوعؔ مسیح اپنے شاگردوں کو تعلیم دیتے چلے جاتے ہیں۔ جب وہ اُس کے بغیر لوگوں کے درمیان ہوں گے تو وہ بھیڑیوں کے درمیان برّے کی مانند ہوں گے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ وہ یاد رکھیں کہ دُنیا میں کتنا ظلم اَور خودغرضی ہے۔ لیکن اُن کا رویہ ایسا نہیں ہوگا۔ اُن کو ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے تا کہ حقارت اَور دشمنی انجیل کی منادی کو یکسر روک نہ سکیں اَور وہ اپنی خوشی کا اظہار کرنے میں جھجک محسوس نہیں کریں گے اَور یوں وہ روح کو خُداوند کی طرف کھینچیں گے۔

مزمور 92 | اشعیا 6:1-8

## مقدس متی 10:24-33

### جو کچھ تمہیں اندھیرے میں کہتا ہوں اُجالے میں کہو۔ مقدس متی 10:26

ہم خُداوند یسوع مسیح کو اپنے دل کے نہاں خانے میں، گرجا گھر کی خاموشی میں یا اپنے کمرے کے اندر سنتے ہیں۔ تاہم جو کچھ ہمیں سمجھنے کے لئے دیا گیا ہے وہ صرف ہمارے لئے نہیں بلکہ سب کے لئے دیا گیا ہے۔ یہ سب کے لئے ایک خزانہ ہے۔ یہ سب سے خوبصورت تحفہ ہے۔ یہ تحفہ ہم اُن لوگوں کو پیش کر سکتے ہیں۔ جن سے ہم پیار کرتے ہیں اور وہ ہمیں پیار کرتے ہیں۔

استثنا شرع 14-10:30 مزمور 69

کُلسیوں 20-15:1 مقدس لوقا 37-25:10

**جو کچھ اِس سے زیادہ خرچ ہوگا۔ مَیں پھر آ کر تجھے ادا کروں گا۔ مقدس لوقا 35:10**

نیک سامری کی تمثیل کتنی شاندار تمثیل ہےَ۔ یہ ہم پر خُداوند یسوعؔ مسیح کے دِل کی خوبصورتی کو عیاں کرتی ہےَ۔ اَور ہمیں اُس کی مانند بننے کی دعوت دیتی ہےَ۔ سامری اپنی محبت کسی دوسرے کو نہیں سونپتا۔ وہ کہتا ہےَ کہ ''مَیں ہر ضرورت فراہم کروں گا''۔ وہ کہتا ہےَ کہ میں آخری دم تک دُکھ میں مبتلا شخص کی خبر گیری کروں گا۔ کیونکہ یہ خُدا ہی ہے جس نے ہماری ملاقات کو ممکن بنایا ہےَ۔

# مقدس بیناڈکٹ کی عید

امثال 2:1-9

مزمور 33

## مقدس متی 19:27-29

## خُداوند حکمت بخشتا ہے۔ امثال 2:6

آج مقدس بیناڈکٹ کی عید ہے۔کلیسیا مقدس بیناڈکٹ کی عید کیوں مناتی ہے اِس لئے کہ اُس نے خُدا کے کلام کو تلاش کیا اَور حکمت پائی۔ اُس نے ایسی حکمت پائی کہ اِس حکمت سے وہ بہت سے لوگوں کے لئے برکت کا باعث بنا۔رسولوں کی طرح وہ اپنا سب کچھ چھوڑ کر مسیح کی پیروی کرنے لگا۔اَور اُس نے خُداوند سے فضل پا کر بے شمار لوگوں کی مدد کی۔

اشعیا 7:1-9 — مزمور 47

## مقدس متی 11:20-24

## اگر تم یقین نہ لاؤ گے تو تم قائم نہ رہو گے۔ اشعیا 7:9

اشعیا نبی آحاز بادشاہ کو یقین دلاتا ہے کہ خُدا موجود ہے اَور وہ امن کے خلاف منصوبے بنانے والے دشمنوں پر فتح پا سکتا ہے۔ بادشاہ کو خبردار ہونا چاہیئے کیونکہ بادشاہ کو اپنے سپاہیوں کی طاقت پر بھروسہ ہے۔ اُس کا خُدا پر اِیمان نہیں ہے۔ وہ اپنے جیسے دوسرے بادشاہوں کو اپنے حریف کے طور پر دیکھنا پسند کرتا ہے۔ خُدا کی مدد سے لُطف اندوز ہونے کے لئے انسان کو صرف اپنے آپ کو خُدا کے سپرد کرنا ہوگا اَور اُس کی تعمیل کرنا ہوگی۔

## مقدس ہنری

اشعیا 10:5-7,13-16 مزمور 93

## مقدس متی 11:25-27

**تو نے اِن باتوں کو داناؤں اَور عقلمندوں سے چھپایا اَور چھوٹوں پر ظاہر کیا۔ مقدس متی 11:25**

یہ آسمانی باپ کا طریقہ ہے جسے خُداوند یسوعؔ مسیح سراہتے ہیں۔ جو لوگ عقلمند اَور ذہین ہوتے ہیں وہ بے جا فخر کرتے ہیں اَور وہ خود کو دوسروں سے بڑا سمجھتے ہیں۔ ایسے لوگوں میں خُدا کی حکمت کی کوئی جگہ نہیں ہوتی۔ اِس لئے کہ خُدا کی حکمت حلیم، فروتن اَور عاجز ہوتی ہے۔ جو چھوٹا اَور سادہ ہوتا ہے وہ اِسے پالیتا ہے۔ اُس نے اپنے دِل میں کوئی رکاوٹ کھڑی نہیں کی ہوتی۔ کیا ہم اُن کے درمیان ہیں؟ یقیناً میں ان میں شمار ہونے کی اُمید رکھتا ہوں۔

## مقدسہ کیتھری ٹیکا وہتھا

اشعیا 26:7-9,12,16-19 مزمور 101

## مقدس متی 11:28-30

## اَے خُداوندوہ تنگی میں تجھے تلاش کرتے ہیں۔ اشعیا 26:16

اے باپ جب کوئی مصیبت میں مُبتلا ہوتا ہے۔ تو اُسے تیرا خیال آتا ہے۔ صرف راستباز کو ہی یہ خیال آتا ہے۔ مصیبت تیرے غریبوں سے کبھی دُور نہیں ہوتی کیونکہ غریبی کا مطلب سخت محنت ہے۔ اَور لوگوں کی زیادتیوں کے خلاف کوئی دفاع نہیں جو اپنی برتری کے قائل ہیں۔ اَے باپ تیرا شکر ہو کہ تو نے یسوعؔ کو بھیجا جس کے پاس میں قوت اَور نئی اُمید پانے کے لئے جا سکتا ہوں۔

مقدس بوناوِنچر بشپ اَور معلم کی عید

اشعیا 1:38-6، 7-8، 21-22 مزمور اشعیا 10:38، 12-16

## مقدس متی 1:12-8

## ابنِ انسان سبت کا بھی مالک ہے۔ مقدس متی 8:12

یسوعؔ جانتا ہے کہ باپ نے اُسے بھیجا ہے تا کہ وہ اُس کی محبت کو ہم پر ظاہر کرے اَور اُسے ہمیں دے۔ صرف وہی ہمارے لئے خُدا کی اُس محبت کی تکمیل کرسکتا ہے جو اُس نے ماضی میں اپنی قضائیں دینے سے ہم پر ظاہر کی۔ سبت کے بارے میں اصول کا مطلب پیار کا عمل ہے۔ جس کا مقصد مسیح کے منتظر لوگوں کی مدد کرنا تھا۔ اب وہ خود ایک اصول بن گیا ہے۔ ہمیں صرف اُسی کو سننا اَور اُس کی باتوں پر عمل کرنا چاہیے۔ تا کہ مسرت پائیں۔

# کوہِ کارمل کی مبارک کنواری مریمؔ

میکا 5-1:2 مزمور 9

## مقدس متی 21-14:12

### اور اُس کے نام پر غیر قومیں بھروسا رکھیں گی۔ مقدس متی 12:12

یہاں اشعیا نبی کے صحیفے سے ایک طویل اقتباس ختم ہوتا ہےَ اَور انجیل نویس مقدس متی ہمیں سننے کی دعوت دیتا ہےَ۔ گویا وہ سمجھنے میں ہماری مدد کرتا ہے کہ یسوعؔ کون ہےَ۔ وہ خُدا کا محبوب خادم ہےَ۔ جو اپنے روح کو تمام انسانوں تک پہنچاتا ہےَ۔ ایسا کرنے کے لئے اُس نے کرشمے دکھائے ہیں اَور اُس نے نرمی سے کلام کیا ہےَ۔ اِسی وجہ سے وہ لوگ جن کے اپنے مفادات جُڑے ہوئے تھے۔ وہ مخالفت کرتے ہیں اَور خُدا سے محبت کرنے کا بہانہ کرتے ہیں۔

تکوین 10-1:18 مزمور 14

کلسیوں 28-24:1 مقدس لوقا 10 :38-42

**وہ خُداوند کے پاؤں کے پاس بیٹھ کر اُس کا کلام سُنتی تھی۔ مقدس لوقا 39:10**

خُداوند کے پاؤں کے پاس بیٹھ کر کون کلام سُنتی تھی۔ اِس کا اندازہ آپ پہلے ہی لگا چکے ہیں وہ مارتھا کی بہن مریم تھی وہ دُرست طریقے سے خُداوند کو پیار کرتی ہے۔ سب سے پہلے وہ اُس کا کلام سنتی ہے اَور پھر وہ اُس کو بتانے کا انتظار کرتی ہے کہ اُسے کیا اَور کیسے کرنا ہے۔ محبت کا پہلا مرحلہ سننا ہوتا ہے۔ دوسرا مرحلہ اُسے عملی جامہ پہنانا ہوتا ہے۔ جو کوئی اِس ترتیب کو پلٹ دیتا ہے وہ صرف اپنے آپ سے محبت کرنے کے لئے تنہا رہ جاتا ہے۔

میکا 8-6,4-1:6 مزمور49

مقدس متی 42-38:12

**۔۔۔رحم دلی کو عزیز جانے اَور اپنے خُدا کے حضور فروتنی سے چلے۔میکا 8:6**

یہ وہ مشورت ہے جو میکا نبی کی جانب سے بنی اسرائیل کو دی گئی تھی۔ جو خُداوند کو خوش کرنے اَور اُس کے عہد سے لُطف اندوز ہونے کے مشتاق تھے۔یہی مشورت خُداوند یسوع مسیح کی زندگی اَور تعلیم میں پائی جاتی ہے اَور وہ ہر کسی سے یہی توقع کرتا ہے۔ وہ محبت اَور عاجزی کے ساتھ ہمیں سمجھنے میں مدد کرتا ہے کہ وہ خُدا کی طرف سے آیا ہے۔ اَب ہمیں کسی اَور ضمانت کی ضرورت نہیں۔جس طرح نینوا کی غیر قوم کے لوگوں نے یونس نبی کی بات سُنی۔حالانکہ وہ حقیقت میں نہ تو عاجز اَور نہ ہی رحم دل تھے۔مگر اُنہوں نے توبہ کی۔اِسی طرح عاجز سمجھتے اَور ایمان لاتے ہیں۔

میکا 7:14-15,18-20 | مزمور 84

## مقدس متی 12:46-50

## تُو ہماری تمام خطاؤں کو سمندر میں پھینک دے گا۔ میکا 7:19

میکا نبی ہمیں بتاتا ہے کہ ہمارے خُدا سے بہتر کوئی خُدا نہیں۔ درحقیقت کوئی دیوتا اپنے بندوں کے تمام گناہوں کو سمندر کی گہرائیوں میں نہیں پھینک سکتا۔ اِس کے برعکس تمام دیوتا سزائیں دینے کے لئے تیار ہیں۔ چاہے ہم کتنے ہی کمزور اَور اُن کی تقلید کرنے سے قاصر کیوں نہ ہوں۔ صرف ہمارا خُدا ہی اپنے ایمانداروں سے محبت کرنا جانتا ہے۔ لہٰذا ہمیں اُس کی بات سننے اَور اُس کی فرمانبرداری کرنے کی پوری کوشش کرنی چاہئیے۔

ارمیا 1:1،10-4      مزمور 70

## مقدس متی 13:1-9

**وہ ایک کشتی پر چڑھ بیٹھا۔ اور سارا ہجوم کنارے پر کھڑا رہا۔ مقدس متی 13:2**

خُداوند یسوعؔ مسیح جانتے ہیں کہ کس طرح اپنے آپ کو نقصان سے بچانا ہے اَور ساتھ ہی ایک ایسا طریقہ تلاش کرتے ہیں کہ ہر کوئی بلا امتیاز اُسے سُن سکے۔ اَب ہم اُسے کشتی پر دیکھتے ہیں تاکہ کوئی اُسے جلدی سے چُھونے کو نہ دوڑ پڑے۔ اُس کے الفاظ ہر کسی پر بارش کی طرح ایسے برس رہے تھے جیسے کہ بیابان میں من اور بٹیرے۔ جہاں موسیٰؔ نے لوگوں کی رہنمائی کی تھی۔ یسوعؔ کے الفاظ ہماری تربیت کرتے ہیں جو کہ آسمان سے نازل ہونے والا تحفہ ہے۔

ارمیا 2:1-3,7-8,12-13 مزمور 35

## مقدس متی 13:10-17

## جس کے پاس ہے اُسے دیا جائے گا۔ اَور اُس کے پاس افراط سے ہوگا۔

## مقدس متی 13:12

خُداوند یسوعؔ مسیح کے وہ شاگرد جو یہ سمجھنے سے قاصر تھے کہ وہ تمثیلوں میں کلام کیوں کرتا ہے۔ اُس نے اُنہیں اِن الفاظ میں جواب دیا۔ تمثیلوں کے ذریعے ہر کوئی کچھ نہ کچھ سمجھ سکتا ہے۔ لیکن صرف محبت کرنے والا ہی سمجھ سکتا ہے کہ یسوعؔ اپنے بارے میں بتا تا ہے،

# مقدسہ مریم مجدلی کی عید

نشیدالاناشید 3:1-4 یا 2۔قرنتیوں 5:14-17 مزمور 62

مقدس یوحنا 20:1-2,11-18

**میرے بھائیوں کے پاس جا اَور اُن سے کہہ کہ مَیں اپنے باپ اَور تمہارے باپ کے پاس اوپر جاتا ہوں۔مقدس یوحنا 20:17**

خُداوند یسوعؔ مسیح مریم مجدلی سے بات کررہے ہیں جو اپنے آنسو پونچھ رہی ہے۔ وہ اُس سے ملنے نہیں آیا تھا۔ بلکہ اُسے ایک مشن سونپنے آیا تھا۔مریم مجدلی کو ایک پیغام شاگردوں کے پاس لے کر جانا تھا۔ حالانکہ وہ سوچیں گے کہ وہ گمراہ ہوگئی ہے۔ یسوعؔ کا پیغام شاندار ہے۔ یہ انجیل کا خلاصہ ہے۔ یسوعؔ کا باپ ہمارا بھی باپ ہے۔ قیامت کے روز یسوعؔ ایک بار پھر باپ کے ساتھ ہوگا۔

## مقدسہ بریجٹ

غلاطیوں 2:19-20

مزمور 33

مقدس یوحنا 15:1-8

**اب مَیں زندہ نہ رہا۔ بلکہ مسیح مجھ میں زندہ ہے۔ غلاطیوں 2:20**

آج یورپی اقوام اپنی مقدسہ مربیہ کی عید مناتے ہیں۔ اُس نے مکمل طور پر خُداوند یسوعؔ مسیح کی محبت میں ڈوب کر زندگی گزاری۔ اِس لئے وہ نہ صرف ہر ایک کے لئے بلکہ پوری آبادی کے لئے مثال ہے۔ کوئی بھی معاشرتی زندگی اِس سے زیادہ خوبصورت اَور خوشگوار نہیں ہوسکتی۔ جس زندگی کا حوالہ ہر وقت یسوعؔ خُدا کا بیٹا نہ ہو۔

**مزمور 137** | **تکوین 32-20:18**

**مقدس لوقا 13-1:11** | **کُلسیوں 14-12:2**

## اے خُداوند ہم کو دُعا کرنا سکھا۔ مقدس لوقا 1:11

شاگردوں نے دیکھا کہ یسوعؔ اِس طریقے سے دُعا کرتا ہے جو عام نہیں ہے۔ سب سے پہلے اُس نے دُعا کو اوّلیت دی اَور خاموشی اِس کا لازمی حصہ تھی۔ شاگردوں کی توقع تھی کہ وہ اُنہیں دُعا کرنا سکھائے گا۔ جبکہ وہ انتظار میں تھا کہ وہ اُس سے پوچھیں۔ اب دونوں خواہش یکجا ہو جاتی ہیں۔ وہ کہتا ہے کہ اے ہمارے باپ۔۔۔۔ جو کوئی دُعا مانگتا ہے۔ اُس کے دِل میں خُدا کا فرزند ہونے کا پورا یقین ہونا چاہیے۔ اُسے معلوم ہونا چاہئیے کہ اُسے پہلے ہی سے پیار کیا جاتا ہے۔ ورنہ وہ غیر قوموں کی مانند دُعا کرے گا جو خُدا کو نہیں جانتیں۔

# مقدس یعقوبؔ رسول کی عید

2۔قرنتیوں 4:7-15 مزمور125

## مقدس متی 20:20-28

## ہم ایمان لائے اَور اِسی لئے بولے۔2۔قرنتیوں 4:13

مقدس یعقوبؔ رسولوں میں سے پہلا رسول ہے۔ جس نے اپنی شہادت سے یسوعؔ کی گواہی دی۔ اُس نے یقین کیا اَور وہ یوں بولا۔ وہ کیا کہہ سکتا تھا؟ یقیناً اُس نے یسوعؔ کے بارے میں بتایا۔ ہر جگہ ایک ہیرودیس موجود ہے جو اِس بات سے ناخوش ہے۔ یعقوبؔ رسول نے سیاسی طور پر دُرست کو پسند نہیں کیا۔ بلکہ اُس نے حق کو پیار کیا۔ کیونکہ یہی غریبوں کی بنیادی ضرورت ہے۔ اَور یسوعؔ ہی حق ہے۔

مقدس یویاقیم اَور مقدسہ حنہ مقدسہ مریم کے والدین کی عید

ارمیا 22-17:14 مزمور 78

## مقدس متی 43-36;13

## جس کے کان ہوں وہ سُن لے۔مقدس متی 43:13

خُداوند یسوعؔ مسیح اِن الفاظ سے تمثیل کا اختتام کرتے ہیں۔اچھے بیجوں کے درمیان جڑی بوٹیوں کا پتہ چلتا ہے۔حالانکہ یہ جڑی بوٹیاں بونے والے نے نہیں بوئیں۔سنو اِس کا کیا مطلب ہے؟ دھیان دو۔ایسا نہ ہو کہ کوئی دوسرا بیج بونے والا آپ کے دل میں،آپ کے خاندان میں،آپ کے بچوں میں،آپ کے پیرش میں زوان بوئے۔جو آپ کے خاندان اَور پیرش کا بُرا چاہے۔اِس لئے جاگتے اَور دُعا کرتے رہو۔

ارمیا 21-16,10:15 مزمور 58

## مقدس متی 46-44:13

## سو تیری باتیں میرے دل میں ،میرے لئے سرور اور فرحت تھیں۔

## ارمیا 16:15

ارمیا نبی خُدا کے کلام کے لئے اُس کا شکرادا کرتا ہےَ۔جس نے اُس کے دِل کو خوشی سے بھر دیا۔ وہ ہر طرف پریشان اَور غمگین ہونے کی وجوہات تلاش کرسکتا ہےَ۔لیکن خُدا کا کلام ہر چیز کا بدلہ دیتا ہےَ۔ وہ وضاحت بیان کرتا ہے کہ ایک شخص اُس آدمی کی مانند کیوں ہےَ۔جو ایک خزانے یا قیمتی موتی کی دیکھ بھال کرتا ہےَ۔ خُداوند یسوعؔ مسیح فرماتے ہیں کہ اِس خزانے یا قیمتی موتی کے مقابلے میں دُنیا کی ہر چیز اپنی قدر کھو دیتی ہےَ۔کیا آپ اِسے سمجھتے ہیں؟ یہ خزانہ یا قیمتی موتی یسوعؔ ہےَ۔ جو خُدا کا کلمہ ہےَ۔ جو کچھ بھی آپ کے پاس ہےَ۔اِس کا حصول اِس خزانے یا قیمتی موتی کا حصول ہےَ۔

ارمیا 18:1-6 | مزمور 145

## مقدس متی 13:47-53

**ہر فقیہہ ۔۔۔ اپنے خزانے سے نئی اَور پُرانی چیزیں نکالتا ہے۔ مقدس متی 13:52**

ارمیا نبی ایک کمہار سے اَور یسوعؔ ماہی گیروں سے سیکھتا ہے ۔ایک کمہار مٹی سے جو چاہے کرنے کے لئے آزاد ہوتا ہے ۔جبکہ ماہی گیر مچھلیوں میں تمیز کرنا جانتے ہیں کہ کونسی مچھلی کام کی ہے اَور کونسی نہیں ہے ۔خُدا کے کلام کے لئے شکر ہو جو مجھے بخشا گیا ہے ۔میں کلام کی بدولت اپنے اعمال اَور دُنیا کے الفاظ سے بھی اِس بات کا اندازہ لگا سکتا ہوں کہ کیا اچھا ہے ۔

# مقدسہ مارتھا کی عید

1۔یوحنا 4:7-16 مزمور 33

## مقدس یوحنا 11:19-27 یا مقدس لوقا 10:38-42

**اَے خُداوند مَیں ایمان لاچکی ہُوں کہ تُو المسیح ابن ِخُدا ہے۔مقدس یوحنا 11:27**

مارتھا ان الفاظ میں خُداوند یسوع مسیح کے اِس سوال کا جواب دیتی ہےَ۔ جواُس نے مارتھا سے پوچھا تھا۔کہ کیا وہ ایمان رکھتی ہےَ کہ ''قیامت اَور زندگی مَیں ہی ہوں''۔جوالفاظ وہ اپنے جواب میں استعمال کرتی ہےَ۔ وہ خود بھی ان کو پوری طرح سمجھ نہیں پاتی۔حالانکہ یہ الفاظ واقعی سچے اَور زندگی بخشنے والے ہیں کہ ''تُو المسیح ابن ِخُدا'' ہےَ۔ہم ان الفاظ کو بار بار دہراتے ہیں۔یہ الفاظ ہم میں حقیقی روحانی زندگی پیدا کرتے ہیں۔

# مقدس پطرس قریسالغس

ارمیا 24,16-11:26 مزمور 68

## مقدس متی 12-1:14

## درحقیقت خُداوند نے مجھے تمہارے پاس بھیجا ہے۔ ارمیا 15:26

ارمیا نبی سرداروں سے بات کرتا ہے۔ جو اُسے مرُدہ حالت میں دیکھنا پسند کریں گے۔ وہ ان سرداروں کو بتاتا ہے تم مجھے قتل کرسکتے ہو لیکن تمہیں معلوم ہوجائے کہ میں اِس حالت میں اِس لئے ہوں کہ میں خُدا کی اطاعت کرتا ہوں۔ انجیل میں بھی بیان کیا گیا ہے کہ یوحنا اصطباغی واقعی ہی مارا گیا۔ اَور یسوعؔ کا بھی یہی انجام ہوگا۔ ہمیں اِس بات کی فکر نہیں کرنی چاہئیے کہ طاقتور لوگ کیا کرسکتے ہیں۔ ہمیں ہر بات میں باپ کی مرضی پوری کرنی چاہئیے۔

جامع 1:2،21-23
مزمور 89

کلسیوں 3:1-5،9-11
مقدس لوقا 12:13-21

## خبردار رہو اور سارے لالچ سے کنارہ کرو۔ مقدس لوقا 12:15

کتنے لوگ اپنی وراثت کی فکر کرتے ہیں۔ آج کی انجیل میں ایک بھائی کا ذکر ہے جو وراثت کا حصہ لینے والا آخری شخص نہیں ہے۔ ایک انسان اِس کے بعد آنے والی تمثیل کو سُن سکتا ہے۔ لیکن پھر بھی وہ حق بجانب ہونے کا دعویٰ دار ہو سکتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ اسے سننا بھی پسند نہیں کرے گا۔ بنک میں جمع کرائی گئی رقوم؟ بچت؟ یہ سب کس لئے ہیں؟ کیا یہ چیزیں ہمیں بیوقوف بنائیں گی یا خُدا کے سامنے دولتمند ٹھہرائیں گی؟